ماڈیول ۱۵

حدیث نمبر24

ظلم کی حرمت

حضرت ابوذر الغفاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے ایک حدیثِ قدسی بیان کی جو اللہ تعالیٰ کے ارشاد پر مبنی ہے:

"اے میرے بندوں! میں نے اپنے اوپر ظلم کو حرام قرار دیا ہے، اور تمہارے درمیان بھی اسے حرام بنادیا ہے، تو ایک دوسرے پر ظلم نہ کرو۔ اے میرے بندوں! تم سب گمراہ ہو، سوائے ان کے جنہیں میں ہدایت دوں، تو مجھ سے ہدایت طلب کرو، میں تمہیں ہدایت دوں گا۔ اے میرے بندوں! تم سب بھوکے ہو، سوائے ان کے جنہیں میں نے کھلایا ہو، تو مجھ سے کھانا مانگو، میں تمہیں کھانا دوں گا۔ اے میرے بندوں! تم سب ننگے ہو، سوائے ان کے جنہیں میں نے لباس دیا ہو، تو مجھ سے لباس مانگو، میں تمہیں لباس دوں گا۔ اے میرے بندوں! تم رات دن گناہ کرتے ہو، اور میں تمہارے تمام گناہ معاف کردیتا ہوں، تو مجھ سے مغفرت طلب کرو، میں تمہیں معاف کردوں گا۔ اے میرے بندوں! تم مجھے نقصان نہیں پہنچا سکتے، اور نہ ہی مجھے فائدہ دے سکتے ہو۔ اے میرے بندوں! اگر تمہارے پہلے اور آخری لوگ، تمہارے تمام انسان اور جنات، ایک ہی انسان جیسے ہو جائیں جو سب سے زیادہ تقویٰ رکھتا ہو، تو اس سے میرے ملک میں کچھ بھی اضافہ نہیں ہوگا۔ اے میرے بندوں! اگر تمہارے پہلے اور آخری لوگ، تمہارے تمام انسان اور جنات، ایک ہی انسان جیسے ہو جائیں جو سب سے زیادہ فاجر ہو، تو اس سے میرے ملک میں کچھ بھی کمی نہیں ہوگی۔ اے میرے بندوں! اگر تمہارے پہلے اور آخری لوگ، تمہارے تمام انسان اور جنات، ایک کھلے میدان میں کھڑے ہو جائیں اور مجھ سے جو چاہیں مانگیں، اور میں ان سب کو ان کی مانگی ہوئی چیز دے دوں، تو میرے خزانے میں اس سے کوئی کمی نہیں ہوگی، بالکل ویسے جیسے اگر ایک سئی کو سمندر میں ڈبو دیا جائے اور پھر اسے نکال لیا جائے، تو سمندر کے پانی میں کوئی کمی نہیں ہوتی۔ اے میرے بندوں! تمہارے جو بھی اعمال ہیں، میں انہیں تمہارے لیے لکھ رہا ہوں، پھر میں تمہیں ان کا پورا بدلہ دوں گا۔ جو شخص اپنے اعمال میں بھلائی پائے، اسے اللہ کا شکر ادا کرنا چاہیے، اور جو شخص اپنے اعمال میں کچھ اور پائے، تو اسے اپنے آپ کو ملامت کرنی چاہیے۔"

قرآن اور حدیث کے درمیان فرق

قرآن اور حدیث کے درمیان فرق سمجھنا ضروری ہے۔ قرآن کے الفاظ اللہ کی طرف سے ہیں، جو اللہ نے جبرائیل (علیہ السلام) کے ذریعے نبی ﷺ پر نازل کیے۔ قرآن کی تلاوت ایک عبادت ہے، اور نمازوں میں اس کی تلاوت ہوتی ہے۔ اس کے مقابلے میں، حدیثِ نبوی وہ آحادیث ہیں جو نبی ﷺ کے اپنے الفاظ اور زندگی کے حوالے سے ہوتی ہیں۔ ان میں جو مسائل ہوتے ہیں، وہ اللہ کی طرف سے وحی ہوتے ہیں، لیکن الفاظ نبی ﷺ کے ہوتے ہیں۔

حدیثِ قدسی اور حدیثِ نبوی میں فرق یہ ہے کہ حدیثِ قدسی میں معانی اللہ کی طرف سے ہوتے ہیں اور الفاظ نبی ﷺ کے ہوتے ہیں۔ جب نبی ﷺ کہتے ہیں "اللہ نے فرمایا..." تو یہ حدیثِ قدسی ہوتی ہے، جبکہ حدیثِ نبوی میں نبی ﷺ اپنے الفاظ میں کچھ کہتے ہیں، جیسے "اس طرح کرو، اس طرح نہ کرو۔" اس طرح سے، حدیثِ قدسی میں اللہ کی طرف سے معانی ہوتے ہیں، اور حدیثِ نبوی میں نبی ﷺ کے اپنے الفاظ ہوتے ہیں۔ علماء کا اس بات پر اختلاف ہے کہ حدیثِ قدسی اور حدیثِ نبوی میں کیا فرق ہے، لیکن یہ بات سب پر واضح ہے کہ حدیثِ قدسی میں معانی اللہ کے ہوتے ہیں اور الفاظ نبی ﷺ کے ہوتے ہیں۔

ظلم کی تعریف اور اس کی حرمت

ظلم کا مطلب ہے کسی چیز کو اس کی مقام سے ہٹا کر دوسری جگہ رکھنا، یعنی انصاف کا الٹ عمل کرنا۔ اللہ تعالیٰ کے لیے ظلم ممکن نہیں، کیونکہ اللہ انصاف اور عدل کا مظہر ہے۔ اللہ نے اپنے اوپر ظلم کو حرام قرار دیا ہے۔

ظلم کی قسمیں

شرک کرنا سب سے بڑا ظلم ہے۔ کسی کا حق مارنا، اس کی عزت کو زخم پہنچانا، یا اس کا مال ناجائز طور پر لینا، اللہ کے بندوں کے ساتھ ظلم ہے۔ اپنے نفس کو گناہوں اور شر سے دور نہ رکھنا اپنے آپ کے ساتھ ظلم ہے۔۔

ظلم کی حرمت کا بیان

نبی ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''تمہارے خون، مال اور عزت تم پر حرام ہیں، جیسے آج کا دن اور یہ جگہ حرام ہے۔''

ظلم سے دور رہنا ہر مسلمان کا فرض ہے۔

ہدایت اور عمل کی تلقین

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''تم سب گمراہ ہو، سوائے ان کے جنہیں میں ہدایت دوں۔ مجھ سے ہدایت طلب کرو، میں تمہیں ہدایت دوں گا۔''

ہدایت صرف اللہ کے پاس ہے۔ اس کے لیے اللہ سے دعا کرنی چاہیے، جیسے کہ ہم نماز میں پڑھتے ہیں: ''اِهدِنَا الصِّرَاطَ المُستَقِیمَ'' ہدایت طلب کرنے کے لیے اخلاص اور دعا کا جذبہ ضروری ہے۔

اللہ کی رحمت اور مغفرت کا بیان

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ''تم دن رات گناہ کرتے ہو، لیکن میں تمام گناہوں کو معاف کر دیتا ہوں۔ مجھ سے مغفرت طلب کرو، میں تمہیں معاف کر دوں گا۔'' استغفار کا جذبہ مسلمان کے لیے ضروری ہے، جس کے لیے دل میں ندامت ہو، گناہوں کا احساس ہو اور انہیں دوبارہ نہ کرنے کا ارادہ ہو، اور اللہ سے زبان سے مغفرت کی دعا بھی کرنا چاہیے۔

اللہ کا غنی ہونا اور بندے کا فقر

اللہ فرماتا ہے: ''تم مجھے نہ نقصان پہنچا سکتے ہو، نہ مجھے فائدہ دے سکتے ہو۔ تمہارے تمام نیک اعمال میری سلطنت میں کچھ اضافہ نہیں کرتے، اور تمہارے تمام گناہ میری سلطنت میں کچھ کمی نہیں لاتے۔''

اللہ غنی ہے، بے نیاز ہے، جبکہ انسان ہر ضرورت کے لیے اللہ کا محتاج ہے۔

دعااور اللہ سے طلب کا طریقہ

اللہ فرماتا ہے: ''اگر تمام انسان اور جن ایک میدان میں جمع ہو کر مجھ سے مانگیں اور میں سب کو ان کی چاہی ہوئی چیز دے دوں، تو میرے خزانے میں ذرا بھی کمی نہیں آئے گی۔''

دعا کا طریقہ یہ ہے کہ ہمیں وضو ہو کر، ہاتھ اٹھا کر، عاجزی کے ساتھ دعا کرنی چاہیے اور اخلاص اور یقین بھی ضروری ہے۔

عمل کا انعامات کے ساتھ تعلق

اللہ فرماتا ہے: ''تمہارے اعمال لکھے جا رہے ہیں۔ اگر تمہیں نیک اعمال ملیں، تو اللہ کا شکر ادا کرو، اور اگر برے اعمال ملیں، تو اپنے آپ کو ملامت کرو۔''

حقوق اللہ کی خلاف ورزی، توبہ اور مغفرت سے معاف ہو سکتی ہے، جیسے نماز، روزہ، زکاۃ اور حج۔ لیکن حقوق العباد صرف اس وقت معاف ہوں گے جب جس کا حق مارا گیا ہو، اس سے معافی مانگی جائے یا اس کا حق ادا کیا جائے۔

Hadith Number 24

Zulm Ki Hurmat

Hazrat Abu Dharr Al-Ghifari رضی اللہ عنہ se riwayat hai ke Nabi ﷺ ne ek hadith-e-qudsi bayan ki jo Allah Ta'ala ke irshad par mabni hai:“"Aey mere bandon! Maine apne upar zulm ko haram qarar diya hai, aur tumhare darmiyan bhi ise haram banaya hai, to ek dosray par zulm na karo. Aey mere bandon! Tum sab gumrah ho, siwaye un ke jinhein mai hidayat doon, to mujh se hidayat talab karo, main tumhein hidayat doonga. Aey mere bandon! Tum sab bhookay ho, siwaye un ke jinhein maine khilaya ho, to mujh se khana mangna, main tumhein khana dunga. Aey mere bandon! Tum sab nange ho, siwaye un ke jinhein maine libas diya ho, to mujh se libas mangna, main tumhein libas dunga. Aey mere bandon! Tum raat din gunah karte ho, aur mai tumhare tamam guneh maaf kar deta hoon, to mujh se maghfirat talash karo, main tumhein maaf kar dunga. Aey mere bandon! Tum mujhe nuqsan nahi pohncha sakte, aur na hi mujhe faida de sakte ho. Aey mere bandon! Agar tumhare pehle aur aakhri log, tumhare tamam insaan aur jinat, ek hi insaan jaise ho jayein jo sabse ziada taqwa rakhta ho, to is se mere mulk mein kuch bhi izafa nahi hoga. Aey mere bandon! Agar tumhare pehle aur aakhri log, tumhare tamam insaan aur jinat, ek hi insaan jaise ho jayein jo sabse ziada faajir ho, to is se mere mulk mein kuch bhi kami nahi hogi. Aey mere bandon! Agar tumhare pehle aur aakhri log, tumhare tamam insaan aur jinat, ek khule maidan mein khare ho jayein aur mujh se jo chahe, mang lein, aur main un sab ko unki mangi hui cheez de doon, to mere khazanay mein is se koi kami nahi hogi, bilkul waise jaise agar ek su'ei ko samandar mein daal diya jaye aur phir usay nikala jaye, to samandar ke paani mein koi kami nahi hoti. Aey mere bandon! Tumhare jo bhi aamal hain, main unhein tumhare liye likh raha hoon, phir main tumhein unka pura badla dunga. Jo shakhs apne aamal mein bhalaayi paaye, usay Allah ka shukr ada karna chahiye, aur jo shakhs apne aamal mein kuch aur paaye, to usay apne aap ko malamat karni chahiye."

Quran aur Hadith ke darmiyan Farq

Quran aur Hadith ke darmiyan farq samajhna zaroori hai. Quran ke alfaz Allah ki taraf se hain, jo Allah ne Jibreel (علیه السلام) ke zariye Nabi ﷺ par nazil kiye. Quran ki tilawat ek ibadat hai, aur namazon mein uski tilawat hoti hai. Iske mukable mein, Hadith-e-Nabawi wo aahadith hain jo Nabi ﷺ ke apne alfaz aur zindagi ke hawalay se hoti hain. Inmein jo masail hote hain, wo Allah ki taraf se wahi hote hain, lekin alfaz Nabi ﷺ ke hote hain.

Hadith-e-Qudsi aur Hadith-e-Nabawi mein farq yeh hai ke Hadith-e-Qudsi mein ma'ani Allah ki taraf se hote hain aur alfaz Nabi ﷺ ke hote hain. Jab Nabi ﷺ kehte hain "Allah ne farmaya..." toh yeh Hadith-e-Qudsi hoti hai, jabke Hadith-e-Nabawi mein Nabi ﷺ apne alfaz mein kuch kehte hain, jaise “Is tarah karo, is tarah na karo.” Is tarah se, Hadith-e-Qudsi mein Allah ki taraf se

ma'ani hote hain, aur Hadith-e-Nabawi mein Nabi ﷺ ke apne alfaz hote hain. Ulama ka is baat par ikhtilaf hai ke Hadith-e-Qudsi aur Hadith-e-Nabawi mein kya farq hai, lekin yeh baat sab par wazeh hai ke Hadith-e-Qudsi mein ma'ani Allah ke hote hain aur alfaz Nabi ﷺ ke hote hain.

Zulm Ki Tareef Aur Uski Hurmat

Zulm ka matlab hai kisi cheez ko uski maqam se hata kar dusri jagah rakhna, yani insaf ka ulta amal karna. Allah Ta’ala ke liye zulm mumkin nahi, kyunke Allah insaf aur adal ka mazhar hai. Allah ne apne upar zulm ko haram qarar diya hai.

Zulm Ki Qismein

Shirk karna sabse bada zulm hai.Kisi ka haq maarna, uski izzat ko zakhm pahunchana, ya uska maal na-jaiz tor par lena, Allah kay bando kay sath zulm hai.Apne nafs ko gunaahon aur shar se door na rakhna apne ap kay sath zulm hai.

Zulm Ki Hurmat Ka Bayan

Nabi ﷺ ne irshad farmaya: “Tumhare khoon, maal aur izzat tum par haram hain, jaise aaj ka din aur yeh jagah haram hai.” Zulm se dur rehna har musalman ka farz hai.

Hidayat Aur Amal Ki Talkeen

Allah Ta’ala ne farmaya: “Tum sab gumrah ho, siwaye un ke jinhin mai hidayat dun. Mujhse hidayat talab karo, mai tumhein hidayat dunga.” Hidayat sirf Allah ke paas hai. Uske liye Allah se dua karni chahiye, jaise ke hum namaz mein padhte hain:**“**Ihdinas siratal mustaqeem**.”**Hidayat talab karne ke liye ikhlas aur dua ka jazba zaroori hai.

Allah Ki Rahmat Aur Maghfirat Ka Bayan

Allah Ta’ala farmata hai: **“**Tum din raat gunehgar hote ho, lekin mai tamam gunahon ko maaf kar deta hoon. Mujhse maghfirat talab karo, mai tumhein bakhsh dunga.**”** Istighfar ka jazba musalman ke liye zaroori hai jis kay liye dil me nadamat ho**,** gunahon ka ahsas aur inhein dobara na karne ka irada bhi ho aur Allah se zuban se maghfirat ki dua bhi karna chahiye.

Allah Ka Ghani hona Aur Banda Ka Faqr

Allah farmata hai: **“**Tum mujhe na nuksan pohcha sakte ho na faida. Tumhare sab naik amal meri saltanat mein kuch izafa nahi karte, aur tumhare sab gunaah meri saltanat mein kuch kami nahi laate.” Allah ghani hai, binaaz hai, jabke insaan har zarurat ke liye Allah ka mohtaaj hai.

Dua Aur Allah Se Talab Ka Tareeqa

Allah farmata hai: **“**Agar saare insaan aur jin ek maidan mein jama ho kar mujhse maangein aur mai sab ko unki chahi hui cheez de dun, to mere khazane mein zara bhi kami nahi hogi.”

Dua ka tareeqa yeh hai kay humein bawazu ho kar, hathon ko utha kar, ajzi kay sath karna hai aur ikhlas aur yaqeen bhi zarori hai.

Amal Ka In’amaat Ke Sath Talluq

Allah farmata hai: “Tumhare amal likhe ja rahe hain. Agar tumhein naik amal milen, to Allah ka shukar ada karo. Aur agar buray amal milen, to apne aap ko malamat karo.”

Huqooq Allah ki khilaf warzi ,tauba aur maghfirat se maaf ho sakte hai jaise namaz, roza, zakat aur hajj. Likin Huqooq ul-Ibaad sirf usi waqt maaf honge jab jis ka haq maara gaya ho, usse mafi maangi jaye ya uska haq ada kiya jaye.